SINCE: 2001 WITH POSITIVE VALUES

TAMIR -E- SIASAT

تعمیر سیاست

Editor in chief :Quazi Makhdoom 9270574444 Tameerurdu@gmail.com **ایڈیٹران چیف :قاضی مخدوم**

RNI.NO.MAHURD/2017/72712 / Vol:09 / Issue : 53 Friday 16th October 2026 / Rs.2 / Pages: 4 / www.dailytameer.com / جلد نمبر ۹، شمارہ نمبر ۵۳ رمورخہ ر ۱۶ را کتوبر ۲۰۲۶ء، بروز جمعہ، ۴ر جمادی الاول ر ۱۴۴۸ھ، قیمت ۲ر روپے، صفحات: ۴

'شہریت کا فیصلہ کرنا الیکشن کمیشن آف انڈیا کا کام نہیں'

نئی دہلی: سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس ابھے ایس اوکا نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کو یہ طے کرنے کا اختیار نہیں ہے کہ کوئی شخص ہندوستانی شہری ہے یا نہیں۔ انہوں نے سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ووٹر لسٹوں کے ایس آئی آر کی آئینی حیثیت برقرار رکھنے سے متعلق اپنے فیصلہ پر دوبارہ غور کرے۔ جسٹس اوکا کے مطابق ایس آئی آر کے طریق کار میں کئی اہم قانونی سوالات موجود ہیں۔ ان میں انیومریشن فارم نہ بھرنے پر ووٹر کا نام حذف کرنا، تمام انتخابی حلقوں میں بیک وقت نظرثانی کرانا اور ووٹر رجسٹریشن کے لیے استعمال ہونے والے فارم-۶ ر اور فارم-۸ ر میں اضافی اعلانات شامل کرنا شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کو قانون سے تجاوز کرتے ہوئے کسی ووٹر کا نام حذف کرنے یا اس کی شہریت کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ 'لائیولا' کی ۱۴ ر اکتوبر ۲۰۲۶ء کو شائع ہونے والی رپورٹ کے مطابق جسٹس اوکا نے بی بی سی مراٹھی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں یہ باتیں کہیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر مئی ۲۰۲۶ء میں سپریم کورٹ کے اس فیصلہ پر نظرثانی کی ضرورت پر زور دیا، جس میں ایس آئی آر کی آئینی حیثیت کو برقرار رکھا گیا تھا۔ جسٹس اوکا نے سپریم کورٹ کے فیصلہ پر نظرثانی کی ایک اہم وجہ عوامی نمائندگی ایکٹ ۱۹۵۰ء کی دفعہ ۲۱ ر (۲) کو قرار دیا۔ ان کے مطابق اس دفعہ کے تحت ووٹر لسٹ کی گہری نظرثانی ایک وقت میں کسی ایک انتخابی حلقہ کیلئے کی جا سکتی ہے۔

دہلی پولیس کو لگتا ہے، اس استحصال سے ہم ڈر جائیں گے

سنسد مارگ تھانہ کے باہر نوجوانوں پر کارروائی سے کانگریس ناراض

نئی دہلی: (ایجنسی) کانگریس کا کہنا ہے کہ این ایس یو آئی کے ساتھیوں کے ساتھ ہوئی بربریت کو 24 گھنٹے گزر چکے، لیکن پولیس ایف آئی آر درج نہیں کر رہی۔ ایف آئی آر کا مطالبہ کرنے والے نوجوانوں کے ساتھ پولیس نے بدسلوکی کی۔ دہلی میں جمعرات کی دیر شب سنسد مارگ تھانہ کے باہر زبردست ہلچل دیکھنے کو ملی۔ این ایس یو آئی اور انڈین یوتھ کانگریس کے لیڈران وکارکنان اس تھانہ کے باہر این ایس یو آئی کی خاتون کارکنان سے مبینہ مار پیٹ کے معاملہ میں ایف آئی آر کا مطالبہ کرتے ہوئے مظاہرہ کیا، جس میں این ایس یو آئی صدر ونود جاکھڑ اور انڈین یوتھ کانگریس صدر اودے بھانو چب سمیت کئی طلبا لیڈران ونوجوانوں کو حراست میں لیے جانے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ این ایس یو آئی کے ذریعہ سنسد مارگ تھانہ پہنچ کر ایف آئی آر درج کرانے کا مطالبہ کیے جانے اور ان کے ساتھ دہلی پولیس کی کارروائی پر کانگریس نے اپنا سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ کانگریس نے ونود جاکھڑ اور اودے بھانو چب جیسے یوتھ لیڈران کو حراست میں لیے جانے سے قبل کی گئی اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ ''دہلی پولیس کو لگتا ہے، اس استحصال سے ہم ڈر جائیں گے۔'' پارٹی کا کہنا ہے کہ ''این ایس یو آئی کی طالبات کے ساتھ جو بربریت کی گئی، اس کے لیے ایف آئی آر تو لکھنی ہی ہوگی۔ ملک آئین سے چلے گا، نریندر مودی اور شاہ کے حکم سے نہیں۔'' کانگریس نے یہ عزم بھی ظاہر کیا کہ ''نہ ڈرے ہیں، نہ ڈریں گے، انصاف لے کر رہیں گے۔'' ایک دیگر سوشل میڈیا پوسٹ میں کانگریس نے لکھا ہے کہ ''این ایس یو آئی کے ساتھیوں کے ساتھ ہوئی بربریت کو 24 گھنٹے گزر چکے ہیں، لیکن پولیس ایف آئی آر درج نہیں کر رہی۔ جب ایف آئی آر کے مطالبہ کو لے کر این ایس یو آئی صدر ونود جاکھڑ نوجوان ساتھیوں کے ساتھ سنسد مارگ تھانہ کے باہر دھرنے پر بیٹھے تو ان کے ساتھ بدسلوکی کی گئی۔''

اسلام قبول کرنے سے مسلم پسماندہ طبقے کا ریزرویشن نہیں ملے گا: سپریم کورٹ

نئی دلی: سپریم کورٹ نے جمعرات کو تمل ناڈو حکومت کی اپیل خارج کرتے ہوئے واضح کیا کہ مذہب تبدیل کرنے سے پہلے کسی شخص کی سماجی حیثیت خود بخود اس کے نئے مذہب میں کسی مخصوص پسماندہ برادری کی رکنیت کی بنیاد نہیں بن سکتی۔ جسٹس پرشانت کمار مشرا اور جسٹس شری چندر شیکھر پر مشتمل بنچ نے کہا کہ سابقہ سماجی نظام میں پائی جانے والی پسماندگی کو محض تبدیلیٔ مذہب کی بنیاد پر نئے سماجی نظام میں منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ ہندو سماجی نظام سے غیر ہندو سماجی نظام میں داخل ہونے والا شخص آئین کی دفعہ ۱۶ (۴) کے تحت صرف اپنی سابقہ ذات سے وابستہ سماجی پسماندگی کی بنیاد پر ریزرویشن کے فوائد کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ بنچ کے مطابق، اسلام قبول کرنے سے کوئی شخص خود بخود تمل ناڈو کی فہرست میں شامل کسی مسلم پسماندہ برادری کا رکن نہیں بن جاتا۔ اس کے لیے متعلقہ برادری کی قانونی رکنیت اور مقررہ شرائط کا پورا ہونا ضروری ہے۔ یہ مقدمہ تمل ناڈو حکومت کے ۹ ر مارچ ۲۰۲۴ء کے حکم نامے نمبر ۳۱ ر سے متعلق تھا۔ ریاستی حکومت نے تمل ناڈو بیک ورڈ کلاسیز کمیشن کی سفارش پر یہ حکم جاری کیا تھا، جس کے تحت پسماندہ طبقات، انتہائی پسماندہ طبقات، ڈی نوٹیفائیڈ کمیونٹیز اور درج فہرست ذاتوں سے تعلق رکھنے۔

بالی ووڈ اداکار عمران خان کو ملک چھوڑنے کا نوٹس

بالی ووڈ اداکار اور عامر خان کے بھانجے عمران خان 10 اکتوبر کو ممبئی کے 'اگست کرانتی میدان' میں ہونے والے جین-زی کے احتجاج میں شامل ہوئے تھے۔ اس معاملہ میں گزشتہ روز اداکار پر امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے ممبئی پولیس نے انہیں ملک چھوڑنے کا نوٹس بھیجا تھا۔ عامر خان کی سابق اہلیہ کرن راؤ نے اس تعلق سے اپنا سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ کرن راؤ نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ایک پوسٹ شیئر کی ہے۔ اس پوسٹ میں بتایا گیا ہے کہ بالی ووڈ اداکار کو اکتوبر کے آخر تک ملک چھوڑنے کے لیے کہا گیا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ الیکشن کمیشن کے سربراہ کے خلاف ایک احتجاج میں شامل ہو کر انہوں نے امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ اس پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے کرن نے طنزیہ انداز میں لکھا ہے ''واہ، اب ممبئی پولیس بھی؟'' اس معاملے پر مزید ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کرن نے عمران کا دفاع کیا اور کہا کہ ''43 سال کی عمر، ان میں سے 40 سال ہندوستان میں گزارے۔ یہیں تعلیم حاصل کی، یہیں کام کیا۔ یہیں کامیابی حاصل کی۔ یہیں ناکامی دیکھی۔ یہیں محبت کی۔ یہیں جدوجہد کی۔'' اس نوٹس سے اختلاف ظاہر کرنے والی کرن راؤ تنہا نہیں ہیں۔ رتک روشن کی ساتھی صبا آزاد نے بھی اس واقعہ پر سخت اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے۔ نوٹس کے بارے میں ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے انہوں نے لکھا، ''کیا؟ یہ سراسر بکواس ہے۔'' بہرحال، عمران خان اس نوٹس کے خلاف بامبے ہائی کورٹ جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ انہیں ایک نوٹس ملا ہے، جس میں 28 اکتوبر تک ملک چھوڑنے کے لیے کہا گیا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی) کے خلاف جاری احتجاج کی حمایت میں حصہ لے کر 'امیگریشن اینڈ فارینرس ایکٹ' کے ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے۔ امریکی شہری عمران خان، ایم جے جے ایم لیگل کے اپنے وکیل ذوالفقار میمن کے ذریعے جمعہ یا پیر تک ہائی کورٹ میں عرضی دائر کر سکتے ہیں۔ عمران خان کے وکیل کا کہنا ہے کہ قوانین او سی آئی (اوورسیز سٹیزن آف انڈیا) کارڈ رکھنے والوں کو احتجاج میں حصہ لینے سے نہیں روکتے۔ عرضی میں ممبئی پولیس کے اس نوٹس کو 'انتہائی سخت' قرار دیا گیا ہے، جس میں 43 سالہ اداکار کو 28 اکتوبر تک ملک چھوڑنے کے لیے کہا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق عمران خان کے پاس امریکی شہریت ہے اور ان کے پاس 'اوورسیز سٹیزن آف انڈیا' (او سی آئی) کارڈ بھی ہے۔

بھونیشور کمار کو ملی خوشخبری، ویسٹ انڈیز کے خلاف پانچویں اور آخری ٹی-20 میچ کے ہندوستانی ٹیم میں شامل

ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلی جا رہی پانچ میچوں کی ٹی-20 سیریز کے پانچویں اور آخری مقابلے سے عین قبل ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے تیز گیند بازی خیمہ میں بڑی تبدیلی کا اعلان کیا گیا ہے۔ بائیں ہاتھ کے تیز گیند باز عرشدیپ سنگھ کے گیند بازی والے کندھے میں چوٹ لگ گئی ہے، جس کو دیکھتے ہوئے ہندوستانی مینس سینئر سلیکشن کمیٹی نے تجربہ کار سوئنگ گیند باز بھونیشور کمار کو بنگلورو میں ہونے والے آخری ٹی-20 میچ کے لیے قومی اسکواڈ میں شامل کر لیا ہے۔ یہ بھونیشور کمار کے لیے بہت بڑی خوشخبری ہے، کیونکہ وہ تقریباً 4 سالوں سے ہندوستانی ٹیم سے باہر چل رہے ہیں۔ نیوزی لینڈ دورہ کے لیے ہندوستانی اسکواڈ میں انھیں شامل ضرور کیا گیا ہے، لیکن اچانک ویسٹ انڈیز کے خلاف ان کے انتخاب نے کئی لوگوں کو حیران کر دیا ہے۔

ستیش چوہان کی کامیابی پر مہر ثبت کرنے کے لیے ووٹرز جلسہ

عام میں کثیر تعداد میں شرکت کریں: ایڈووکیٹ راجیشور چوہان

نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اتائی پوار، وزیر پنکجا منڈے اور سابق وزیر دھننجے منڈے کی موجودگی میں بیڑ میں عظیم الشان جلسۂ عام

بیڑ، 16 اکتوبر (نمائندہ): مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقہ انتخاب سے مہایوتی کے باضابطہ امیدوار ستیش چوہان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ہفتہ، 17 اکتوبر کو دوپہر 12 بجے رام کرشن لانز، کینال روڈ، بیڑ میں ایک عظیم الشان جلسۂ عام منعقد کیا جائے گا۔ اس جلسے سے ریاست مہاراشٹر کی نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اتائی اجیت پوار، وزیر برائے مویشی پروری پنکج تائی منڈے، سابق وزیر دھننجے منڈے سمیت مہایوتی کے سرکردہ رہنما خطاب کریں گے۔ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے ضلعی صدر ایڈووکیٹ راجیشور چوہان نے بیڑ ضلع کے تمام گریجویٹ ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ستیش چوہان کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے اس جلسے میں کثیر تعداد میں شرکت کریں۔ مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقہ انتخاب کے پس منظر میں مہایوتی کے امیدوار ستیش بھانو داس راؤ چوہان کی انتخابی مہم کے لیے منعقد ہونے والے اس جلسے میں نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اتائی اجیت پوار بحیثیت مہمانِ خصوصی رہنمائی کریں گی۔ اس موقع پر وزیر برائے مویشی پروری اور بی جے پی کی رہنما پنکج تائی منڈے، سابق وزیر و رکن اسمبلی دھننجے منڈے، رکن اسمبلی پرکاش سولنکے، رکن اسمبلی سریش دھس، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری امر سنگھ پنڈت، رکن اسمبلی وکرم کالے، رکن اسمبلی ثنا ملک، رکن اسمبلی وجے سنگھ پنڈت، رکن اسمبلی نمیتا مندڑا، سابق رکن اسمبلی بھیم راؤ ڈھونڈے، سینئر رہنما رمیش راؤ آڈسکر، سابق رکن اسمبلی سنجے دوند، بالا صاحب آج بے، راجندر جگتاپ، میئر پریم لتا تائی پاروے، ڈاکٹر یوگیش کشیر ساگر، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے ریاستی او بی سی سیل کے صدر کلیان راؤ آکھاڑے، سماجی انصاف سیل کے ریاستی صدر سنیل مگھرے، بی جے پی کے ضلعی صدر شنکر راؤ دیشمکھ، شیوسینا کے ضلعی سربراہ انیل جگتاپ، سچن مولک، چندرکانت نولے سمیت مہایوتی کے دیگر رہنما بھی موجود رہیں گے۔ ایڈووکیٹ راجیشور چوہان نے کہا کہ مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقے میں مہایوتی کے امیدوار ستیش چوہان کا مضبوط عوامی رابطہ ہے۔ انہوں نے اب تک گریجویٹ طبقے کی نمائندگی کرتے ہوئے قانون ساز کونسل میں جو کام انجام دیے ہیں، ان کی تفصیلات ووٹروں کے سامنے پیش کی ہیں۔ انہیں مراٹھواڑہ کے گریجویٹ طبقے کے مسائل کے ساتھ دیگر عوامی مسائل کا بھی بخوبی علم ہے۔ ان کی کامیابی کے لیے مہایوتی کے تمام عہدیداران متحد ہو کر کوششیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ستیش چوہان اس انتخاب میں کامیابی حاصل کریں گے۔ ایڈووکیٹ راجیشور چوہان نے گریجویٹ ووٹر بھائیوں اور بہنوں سے اپیل کی کہ وہ نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اتائی پوار کی موجودگی میں منعقد ہونے والے اس جلسۂ عام میں ہزاروں کی تعداد میں شرکت کر کے امیدوار کی کامیابی کے لیے اپنی حمایت کا اظہار کریں۔

۱۷ر اکتوبر کو ممبئی میں سرسید ڈے تقریب کا انعقاد

عمران پرتاپ گڑھی صدرِ تقریب، سنیل ٹٹکرے مہمانِ خصوصی اور پروفیسر فیضان مصطفیٰ کلیدی مقرر ہوں گے

ممبئی، 15 اکتوبر (یو این آئی): علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ایلومنائی ایسوسی ایشن، ممبئی چیپٹر کے زیرِ اہتمام سرسید احمد خاں کی تعلیمی و اصلاحی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے سرسید ڈے کی تقریب ہفتہ، 17 اکتوبر کو شام 7 بجے اسلام جمخانہ، میرین لائنز میں منعقد ہوگی۔ تقریب میں سرسید کے تعلیمی مشن اور فکری ورثے کی عصری معنویت کو اجاگر کیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری رئیس احمد کے مطابق تقریب کی صدارت رکنِ راجیہ سبھا عمران پرتاپ گڑھی کریں گے، جبکہ لوک سبھا کی قائمہ کمیٹی برائے پٹرولیم و قدرتی گیس کے چیئرمین سنیل دتاترے ٹٹکرے مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ چندر شیکھر آزاد نیشنل لا یونیورسٹی، پٹنہ کے وائس چانسلر پروفیسر (ڈاکٹر) فیضان مصطفیٰ کلیدی مقرر کی حیثیت سے خطاب کریں گے۔ تقریب کے انعقاد میں خازن وجیہ الدین اور زبیر رضوی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ دونوں ماضی میں بھی ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں اور سرسید ڈے کی تقریبات کے انعقاد میں سرگرم رہے ہیں، جس سے سرسید کے تعلیمی و اصلاحی مشن کو آگے بڑھانے کی کوششوں کو تقویت ملی ہے۔ سرسید احمد خاں نے جدید تعلیم کے فروغ اور مسلمانوں میں علمی شعور بیدار کرنے کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کے تعلیمی مشن اور اصلاحی افکار کو نئی نسل تک پہنچانا اور تعلیم و تحقیق کی اہمیت اجاگر کرنا اس تقریب کا بنیادی مقصد ہے۔ رئیس احمد نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابق طلبہ، دانش وروں، تعلیمی و سماجی شخصیات اور سرسید کے افکار سے دلچسپی رکھنے والے افراد سے تقریب میں شرکت کی اپیل کی۔

ضلع کلکٹر وویک جانسن کے ہاتھوں کینسر کی جانچ

کے لیے موبائل میڈیکل یونٹ کا افتتاح

سن فارما اور سائی دھام فاؤنڈیشن کے 'سنکلپ کینسر اسکریننگ پروجیکٹ' کو ملی تقویت

بیڑ، 16 اکتوبر (ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس): دیہی علاقوں کے شہریوں کو ان کے گاؤں میں ہی کینسر کی جانچ کی سہولت فراہم کرنے کے مقصد سے سنکلپ کینسر اسکریننگ پروجیکٹ کے تحت موبائل میڈیکل یونٹ کا افتتاح ضلع کلکٹر دفتر کے احاطے میں کیا گیا۔ ضلع کلکٹر وویک جانسن نے موبائل میڈیکل یونٹ کا افتتاح کرتے ہوئے ہری جھنڈی دکھائی اور گاڑی کو روانہ کیا۔ اس موقع پر ضلع صحت افسر ڈاکٹر الہاس گنڈال، پاٹودا کے تعلقہ صحت افسر ڈاکٹر نریندر کاسٹ، سن فارما کے سومناتھ داداس، سائی دھام فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹیو افسر سپنیل شرساٹھ، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر وبھو دت نگرے اور پرسنل اسسٹنٹ گریش موہیکر موجود تھے۔ یہ اہم پروجیکٹ سن فارما لیبارٹریز لمیٹڈ کے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) فنڈ اور شرڈی کی سائی دھام فاؤنڈیشن کے اشتراک سے چلایا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت ضلع بیڑ کے پاٹودا اور شیرور کاسار، ان دو تعلقوں کے دیہی علاقوں میں مرحلہ وار کینسر کی جانچ کے کیمپ منعقد کیے جائیں گے۔

Friday 16th October 2026

بروز جمعہ، ۱۶/اکتوبر ۲۰۲۶

SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
TAMIR -E- SIASAT تعمیر سیاست
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड



قیصر محمود عراقی

گھر اینٹوں، مٹی اور گارے سے بنی چیز کا نام نہیں بلکہ اس میں پیار، محبت، اخوت اور رواداری کے رشتے باہمی طور پر مل کر گھر کی تشکیل کرتے ہیں۔ اس گھر میں بسنے والوں کے دکھ سکھ ایک ہوتے ہیں اور یہاں پرورش پانے والے بچوں میں بھی اسی جذبے کو پروان چڑھایا جاتا ہے کہ گھر رشتوں سے بنتے ہیں۔ لیکن ہمارے یہاں بدقسمتی سے بچوں کو پرورش کرتے وقت انہیں گھریلو رشتوں کے احترام کی تربیت تو دی جاتی ہے لیکن یہ تربیت صرف اپنے گھر کے لیے ہی مخصوص ہوتی ہے۔ خاص طور پر لڑکیوں کی تربیت میں اگلے گھر یعنی سسرال میں رہنے کے طور طریقے بالکل نہیں سکھائے جاتے۔

جب تک کوئی لڑکی میکے میں ہوتی ہے تو لاڈ پیار کے باعث بے فکری کی زندگی ہوتی ہے۔ ازدواجی زندگی کے اسرار و رموز اس پر شادی کے بعد ہی کھلتے ہیں۔ ہم اس کو یوں بیان کر سکتے ہیں کہ جس طرح کسی بھی شخص کی عادت اور خیالات میں ترتیب کسی مکتب یا تربیتی ادارے میں ممکن ہوتی ہے، بالکل اسی طرح ہر لڑکی کو زندگی بہترین ڈھنگ سے گزارنے اور معاملات سے بہتر طور پر نمٹنے کا ہنر سسرال میں سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

عورت کا اصل گھر سسرال یا شوہر کا گھر ہی ہے جہاں وہ زندگی کی اونچ نیچ کا مقابلہ کرنا سیکھتی ہے۔ والدین کی محبت اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے، وہ اپنی بچی کو زیادہ سے زیادہ سکھ دینا چاہتے ہیں۔ ان کے لاڈ پیار کے نتیجے میں لڑکی سمجھتی ہے کہ زندگی بس اسی کا نام ہے اور بے فکری کی زندگی گزارنا اس کا بھرپور حق ہے۔ وہ اپنے آپ کو پریشانیوں اور الجھنوں میں پھنسانا نہیں چاہتی۔ یہی سبب ہوتا ہے کہ وہ بنیادی باتوں کی جانب دھیان نہیں دیتی اور پھر یہ بنیادی باتیں ہی اگلے گھر میں اس کے لیے بڑے بڑے مسائل کا پیش خیمہ بن جاتی ہیں۔

اگر سوچا جائے تو حقیقت یہی ہے کہ سسرال عورت کے لیے ایک بے مثال درسگاہ کا کام دیتا ہے۔ یہاں ساس اس کی سربراہ ہوتی ہے اور اس کی دی ہوئی ذمہ داریاں بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ ساس کی دانشمندی اور غیر جانبداری پر ہی گھر بھر کی خوشیوں اور سکون کا دارومدار ہوتا ہے۔ اکثر بہوئیں یہ شکایت کرتی ہیں کہ ساس کی سختی نے گھر بھر کو مصیبت میں ڈالا ہوا ہے۔ یہ بات بہت حد تک درست ہے کہ اکثر ساسیں اپنی انا پرستی اور استحقاق پسندی کی

وجہ سے گھر کو جہنم بنا ڈالتی ہیں کیونکہ وہ بہو اور بیٹے دونوں کو اپنی مٹھی میں رکھنا چاہتی ہیں۔ اور بس یہیں سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے کیونکہ بیٹا اپنی مرضی سے زندگی گزارنا چاہتا ہے اور بہو کی آنکھوں میں بھی خود مختار زندگی کے سپنے ہوتے ہیں۔ ایسے میں کسی اور کی پسند کا پابند ہونا دونوں کو اچھا نہیں لگتا۔

اگرچہ سوچنے کی بات یہ بھی ہے کہ ہمارے یہاں زیادہ تر مائیں اپنے بیٹوں کی شادی کے لیے بہت بے تاب دکھائی دیتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اپنے بیٹوں کی شادی کے لیے اپنے زیور بھی بیچ ڈالتی ہیں۔ ایسے میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ شادی کے کچھ ہی دن بعد ساس بہو کو غلام کیوں سمجھنے لگتی ہے؟ اور بہو کی خاطر سب کچھ قربان کر ڈالنے کا وہ جذبہ کیوں سرد پڑ جاتا ہے؟

دیکھنے میں یہی آیا ہے کہ بعض ساسیں اتنی تنگ نظر اور بد مزاج ہوتی ہیں کہ بہو کو ہر وقت جہیز کم لانے کا طعنہ دیتی رہتی ہیں۔ جو زیور اس کی شادی کے دن ساس بڑے چاؤ سے پہناتی ہیں، وہی چوتھے دن ہی بے دردی سے اتروا لیے جاتے ہیں اور بسا اوقات تو والدین کی طرف سے دیے گئے زیورات بھی اتروا لیے جاتے ہیں۔ جہیز نہ لانے پر دیے جانے والے طعنوں سے تنگ آ کر بہوؤں کے جل مرنے یا جلائے جانے کی خبریں آئے دن اخبار کی زینت بنتی رہتی ہیں۔ مگر لوگ ان کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ کوئی اثر قبول نہیں کرتے اور چولہا پھٹنے کی خبر ان کے لیے ایک عام سی بات ہے۔

عام طور پر ساس کو بہو کی جو باتیں کھٹکتی ہیں وہ اس کا بناؤ سنگھار اور شوہر سے محبت ہے۔ وہ یہ بھی بھول جاتی ہے کہ کبھی وہ خود بھی اس مرحلے سے گزری تھی۔ اس کو سوچنا چاہیے کہ جب اس کے بیٹے کی شادی ہوئی تو ظاہر ہے وہ نئی زندگی شروع کرے گا۔ بات دراصل یہ ہے کہ بہو جب گھر میں آتی ہے تو ساس کو یہ بات کھٹکتی ہے کہ بیٹے کی محبت تقسیم ہو گئی ہے اور پھر یہی چیز جھگڑے کی بنیاد بن کر گھروں اور رشتوں میں دراڑ ڈالتی ہے۔

ساس بہو کے جھگڑے کوئی نئی بات نہیں۔ ہاں، اگر مرد غیر جانبدار ہے تو پھر معاملہ بہت زیادہ سنگین نہیں ہوتا ہے، لیکن اگر ایسی صورتحال نہ ہو تو بدقسمتی سے کسی ایک جانب کا جھکاؤ گھر کے شیرازے کو بکھیر دیتا ہے۔ مشرقی معاشرے میں ہر ماں کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ بیٹی جہاں جائے وہاں راج کرے، حالانکہ یہ راج والی سوچ درست نہیں کیونکہ راج کرنے یا کسی کا راج قبول نہ کرنے سے معاملات ہمیشہ بگڑتے ہیں۔ بہرحال، ہر ماں کا یہ فرض ہے کہ وہ بیٹی کو سمجھائے کہ اس کا اصل گھر اس کا سسرال ہے کیونکہ ایسے متعدد کیس سامنے آئے ہیں کہ اکثر مائیں بھی اپنی بیٹیوں کے گھر اجاڑنے کا سبب بن جاتی ہیں۔ جبکہ ماں کو چاہیے تھا کہ اگر بیٹی سسرال کے خلاف شکایتی انداز اپناتی ہے تو اس کو پیار، محبت اور نرمی سے سمجھائے کہ ساس بھی ماں جیسی تعظیم رکھتی ہے۔ جس طرح گھر میں وہ اپنے باپ، بھائی اور بہن وغیرہ کا احترام کرتی ہے، اسی طرح سسرال میں نندوں، دیوروں اور جیٹھانیوں سے حسن سلوک اختیار کرے۔ اس سے بیٹی کی ذہنی درستگی ہوگی اور وہ اپنی زندگی کو بہتر طور پر گزارنے کے قابل ہو سکے گی۔

نئی آنے والی بہو نئے گھر میں آتے ہی یہ سوچنے لگتی ہے کہ اب ہر طرف ان کا ہی راج ہوگا، جبکہ انہیں یہ چاہیے کہ اپنے رویے میں تھوڑی لچک پیدا کرے اور ساس کا بھی اتنا ہی خیال رکھے، جیسے گھر میں اپنی ماں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ بعض اوقات بہو کی تنگ نظری، سستی یا بے جا خرچ یا دیگر معاملات بھی ساس کی ناراضگی کا سبب بن جاتے ہیں۔ ایسے میں ایک پیار بھرا جملہ یا خاموشی سو جھگڑوں کا سر کچلتی ہے۔ ساس کو بھی چاہیے کہ گھر کے معاملات میں بہو کی مشاورت کا بھی خیال رکھے، اس پر اعتماد کرے اور کسی بھی معاملات پر اس کی رائے کا بھی ضرور خیال رکھے۔ اس طرح اگر ساس بہو کو عزت دے تو بہو بھی سسرال کی عزت کرنے پر خود بخود مجبور ہو جائے گی۔ ویسے یہ بالکل حقیقت ہے کہ ہر بیٹی کا سسرال ہی اس کا گھر اور حتمی ٹھکانہ ہوتا ہے، تو پھر اسے جہنم بنانے کا کیا فائدہ؟

قیصر محمود عراقی

کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔ ۵۸

گھریلو جھگڑے کئی قسم کے ہوتے ہیں، مثلاً میاں بیوی کا جھگڑا، باپ بیٹے کا جھگڑا، بہن بھائی کا جھگڑا، بہنوں کا آپس میں جھگڑا، ساس بہو کا جھگڑا، نند بھاوج کا جھگڑا، جیٹھانی دیورانی کا جھگڑا، دیور بھابھی کا جھگڑا، دیورانی جیٹھ کا جھگڑا اور باپ بیٹی کا جھگڑا۔

اگر ہم بات کریں میاں بیوی کے جھگڑے کی تو ان کے درمیان زیادہ تر جھگڑے کسی ڈیمانڈ کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ مثلاً بیوی کہتی ہے: "مجھے الگ رہنا ہے، میں اپنا الگ پکاؤں گی، میری آپ کے فیملی کے ساتھ بنتی نہیں" وغیرہ وغیرہ۔ یہ بات طے شدہ ہے کہ جب لڑکی کی شادی ہوتی ہے تو اس کی اپنی سوچ اور کچھ خواب ہوتے ہیں، جس کی تکمیل کے لیے وہ کوششیں کرتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف اس کے گھر والے اس کو اپنی باتوں کے ذریعے اس قدر مرعوب کرتے ہیں، اور لڑکی جو سنہرے خواب دیکھ کر آتی ہے اس کا جینا دوبھر کر دیتی ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سب سے پہلے تو ایسے خالہ خیرن (یعنی کان بھرنے والی خاتون) جیسے لوگوں سے چھٹکارا پانا پڑے گا جو لگائی بجھائی میں لگی رہتی ہیں، تب جا کر گھر آباد ہوگا۔

باپ بیٹے کا جھگڑا: زیادہ تر عارضی ہوتا ہے اور اس میں بھی کسی نہ کسی عورت کا کردار قابل غور ہوتا ہے۔ لیکن اکثر یہ جھگڑے بہت آگے نکل جاتے ہیں اور مجبوراً باپ اپنے بیٹے کو "عاق" کر دیتا ہے، اور بیٹا ہمیشہ ندامت کے آنسو روتا رہتا ہے۔

بہن بھائی کا جھگڑا: میرے دوستو! یہ رشتہ ایسا ہے کہ جتنا آپس میں لڑتے ہیں اتنا ہی پیار بڑھتا ہے۔ (اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس لڑائی کو فروغ دیا جائے)۔ یہ لڑائی عارضی ہوتی ہے۔ وقت جب دونوں میں سے کسی کا بھی پڑتا ہے تو یہ دونوں ہی کبھی منع نہیں کرتے اور ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں۔ زیادہ تر بہنیں پیش قدمی کرتی ہوئی یہ کام سر انجام دیتی ہیں۔

بھائی بھائی کا جھگڑا: یہ جھگڑا ہمیشہ دونوں بھائیوں کی شادی کے بعد ہی ہوتا نظر آتا ہے۔ زیادہ تر ایسے جھگڑے کی پیٹھ پیچھے بھی اکثر عورت کا کردار ہوتا ہے۔ اور اگر بھائی آپس میں اتفاق کر لیں کہ ہمیں کسی قیمت پر بھی نہیں الجھنا ہے، تو عورت پریشان رہتی ہے اور تعویذ گنڈے کی طرف راغب ہو جاتی ہے کیونکہ اسے اپنی بات منوانی ہوتی ہے۔ بہنوں کا آپس میں جھگڑا: یہ جھگڑا زیادہ تر ان گھروں میں نظر آئے گا جہاں بیٹیوں کے رشتے نہیں آ رہے ہوتے اور ایسی لڑکیاں عمر کے بڑھتے ہوئے وقت کے ساتھ ساتھ چڑچڑی اور بد زبان ہو جاتی ہیں اور فوبیا جیسی بیماری کا شکار ہو جاتی ہیں۔ چاہے وہ صحت و صفائی کی بات ہو، چاہے وہ شادی بیاہ یا گھر کے روزمرہ کے کاموں کی بات ہو، ہر ایک نے اپنے آپ کو برتر ثابت کرنا ہوتا ہے۔ بسا اوقات ایک دوسرے کو کوسنا اور گالی گلوچ تک کی نوبت آ جاتی ہے۔ ہر گھر اس مسئلہ سے محفوظ رہے، بہت کڑا امتحان ہوتا ہے ماں باپ کے لیے اگر ایسا ہو۔ ساس بہو کا جھگڑا، نند بھاوج، جیٹھانی، دیورانی، دیور بھابھی، جیٹھ دیورانی کا جھگڑا: یہ تو ایسے جھگڑے ہیں کہ اگر پڑھے لکھے لوگ ایسا کرتے ہیں تو ایسے لوگ سراسر بیوقوف ہیں اور اپنی زندگی کے مزے ضائع کر رہے ہیں۔ یہ وہ رشتے ہیں کہ اگر ان میں آپس میں اتفاق ہو تو نئی نسل ایسی پروان چڑھے گی کہ لوگ مثال دیں۔

باپ بیٹی کا جھگڑا: یہ جھگڑا بہت ہی کم دیکھنے کو ملتا ہے۔ اکثر جگہوں پر نظر آئے گا جہاں ماں باپ کی عزت نہیں کی جاتی ہوگی۔ ویسے آج کل تو لوگ عزت کے لفظ ہی بھول گئے ہیں۔

لہٰذا میرے دوستو! اپنے گھروں پر توجہ دو اور نئی آنے والی نسل کو ایسا ماحول فراہم کرو کہ وہ ایک اچھے انسان بن کر آپ سب کا نام روشن کر سکیں۔ کیا خیال ہے؟ مذکورہ بالا جھگڑوں کے علاوہ بھی کوئی آفت ہوتی ہوں گی گھروں میں؟

قارئین حضرات! یہ خیال رہے کہ گھریلو جھگڑوں کے اثرات کمسن بچے خاموشی سے جذب کرتے ہیں۔ اگرچہ جھگڑے کمسن بچوں کی سمجھ میں نہیں آتے لیکن اس سے ان کی شخصیت پر جو منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، وہ عمر بھر ان سے چھٹکارا نہیں پاتے۔ لڑائی جھگڑے، گھریلو چپقلش، نااتفاقیاں بچوں کے ذہنوں پر ان مٹ نقوش چھوڑ دیتی ہیں جس سے بچوں کی ذہنی نشوونما بھی شدید متاثر ہوتی ہے۔ بچوں پر یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کہ آپ کے درمیان کبھی کوئی اختلاف ہی نہیں ہوا۔ اگر بچوں کے سامنے یا انہیں بیٹھ کر گھریلو اختلافی مسائل پر بحث اچھی طرح کی جائے تو بچے یہ سیکھ رہے ہوتے ہیں کہ گھریلو تنازع کو کس طرح حل کیا جاتا ہے۔

ماہرین نفسیات کا یہ بھی کہنا ہے کہ گھریلو اختلافات کو بچوں کے سامنے مثبت انداز سے حل کرنا دراصل بچوں کی بہترین تربیت ہوتی ہے اور خوشگوار زندگی گزارنے والے افراد کے بچوں کی زندگیاں بھی خوشگوار ہوتی ہیں۔ اس لیے کوشش کی جائے کہ زندگی بہتر طریقے سے گزاری جائے تا کہ بچوں کے ذہنوں میں منفی اثرات مرتب نہ ہو سکیں۔ بلاشبہ بچوں کی پہلی تربیت گاہ اس کا گھر اور گھریلو ماحول ہوتا ہے، لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم بچوں کی بہتر تربیت کے لیے اپنے گھر اور گھریلو ماحول کو مثبت رکھیں، کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ گھریلو جھگڑوں کا سب سے بڑا نقصان معصوم بچوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ جو بچے اپنے والدین کو ہر وقت لڑتے جھگڑتے دیکھتے ہیں وہ ذہنی دباؤ اور خوف کا شکار ہو جاتے ہیں، ان کی پڑھائی متاثر ہوتی ہے اور ان کی شخصیت میں چڑچڑا پن اور جارحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسے ماحول میں پلے بڑھے بچے اکثر معاشرے کے اچھے شہری نہیں بن پاتے۔

دعا ہے کہ ہم سب کے تمام مسئلے حسن و خوبی کے ساتھ انجام پا جائیں، آپس میں محبت قائم رہے، خاندان خوشحال رہے اور جن بیٹے

سونے سے پہلے میک اپ صاف کریں



میک اپ کرنا بھی ایک غیر معمولی فن ہے۔ زیادہ تر خواتین میک اپ کی دلدادہ ہوتی ہیں فیشن کی مناسبت سے نت نئے تجربات بھی کرتی ہیں۔ وہ خواتین میک اپ تو کر لیتی ہیں مگر رات کو سونے سے پہلے وہ میک کو اپنے چہرے سے دھونا پسند نہیں کرتیں اور انہیں میں سے کچھ خواتین سستی اور تھکن کی وجہ سے میک اپ صاف نہیں کر پاتیں اور ان کی جلد خراب ہو جاتی ہے اس لئے ضروری ہے کہ سونے پہلے خواہ آپ کتنی ہی تھکی ہوئی کیوں نہ ہوں میک اپ ضرور صاف کریں یاد رکھیں کہ نیند کے دوران جلد کی نشوونما کا عمل جاری رہتا ہے۔ لہٰذا میک اپ صاف کیے بغیر سونے کی غلطی نہ کریں کیونکہ جلد بھی سانس لیتی ہے اور میک اپ کی تہہ میں جلد کے مسامات سانس نہیں لے پاتے اور چہرے پر داغ دھبے بننا شروع ہو جاتے ہیں، اس لئے ضروری ہے میک اپ کے بعد چہرہ صاف پانی سے دھویا جائے تا کہ چہرے کے مسامات صاف ہو کر چہرے کی تازگی اور فریش نس کو برقرار رکھیں۔ جلد کی حفاظت اور تر و تازگی کے لئے ضروری ہے کہ میک اپ کو سونے سے پہلے صاف کریں۔

سبزیوں سے جلد کی حفاظت

وہ خواتین جن کی جلد زیادہ حساس ہو اور ان کی جلد پر کریموں یا لوشنز کا استعمال جلد کو مزید خراب کرتا ہو ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی جلد اور چہرے کی حفاظت سبزیوں سے کریں۔ کیونکہ سبزیوں میں ایسے وٹامنز پائے جاتے ہیں جو جلد کی قدرتی تازگی کو برقرار رکھتے ہیں۔ گوبھی میں بے شمار معدنیات پائی جاتی ہیں جلد کی تازگی اور نشوونما کے لئے گوبھی کو تھوڑے سے پانی میں اُبال لیں پھر اسے ٹھنڈا کر کے چہرے کو دھونے کے کام لائیں۔ لیمن کا استعمال بھی سبزیوں میں ہی کیا جاتا ہے یہ بہت سی بیماریوں کی دوا تسلیم کیا جاتا ہے اسی لئے اطباء اسے اپنی ہر دوائی میں اس کا استعمال ضرور سمجھتے ہیں، یہ جلد کی صفائی بھی کرتا ہے اور اس پر موجود تیزاب کی تہہ کو برقرار بھی رکھتا ہے یہ ایک قدرتی اسٹرجنٹ ہے جو جلد کو سکڑتا ہے۔ آلو جہاں کھانے پینے کے لئے بہت مفید خیال کیا جاتا ہے بچے، بڑے اور بوڑھے کیا سبھی آلوؤں کو بہت شوق سے کھاتے ہیں اسی طرح اس سے جلد کی حفاظت بھی کی جاتی ہے، کہا جاتا ہے کہ آلو ایگزیما کے مرض میں بہت مفید ہے آلوؤں سے جلد سکڑتی ہے اور آنکھوں کی سوجن بھی دور ہوتی ہے آلو کے ٹکڑوں کو آنکھوں پر رکھیں اس سے آپ کی آنکھوں کو راحت ملے گی اور جلد بھی تر و تازہ رہے گی۔ پپیتا بھی ہر قسم کی جلد کے لئے مفید ہوتا ہے پپیتے میں ایسے انزائم (یعنی کیمیائی مادے) شامل ہیں جو جلد کے مردہ خلیوں کو ملائم کر کے انہیں جسم سے علیحدہ کرتے ہیں یہ جلد کو سکڑنے کے ساتھ ساتھ مسامات کو تنگ کرتا ہے اور اس کے گودے کو فیس ماسک کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ارسلا خان/نئی دہلی

عزم اور مسلسل محنت کے ساتھ کوئی بھی مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کو ایک بار پھر ثابت کرتے ہوئے آسام کے ضلع ہوجائی کی بیٹی نے جوڈیشل سروس کے امتحان میں کامیابی حاصل کر کے پورے ضلع کا نام روشن کیا ہے۔ محض 27 سال کی عمر میں نیل باغان کی محسنہ امتیاز لسکر ضلع ہوجائی کی پہلی مسلم خاتون جج بننے جا رہی ہیں۔ یہ کامیابی ضلع کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ آسام کی کم عمر ترین مسلم خواتین ججوں میں بھی شامل ہو گئی ہیں۔ محسنہ نے گوہاٹی ہائی کورٹ کے زیر اہتمام آسام جوڈیشل سروس امتحان 2026 میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ ان کا انتخاب گریڈ 3 جوڈیشل سروس کے لیے ہوا ہے۔ جاری کردہ نتائج کے مطابق آسام بھر میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب ہونے والے 22 امیدواروں میں محسنہ نے چھٹی پوزیشن حاصل کی ہے۔ اب وہ فرسٹ کلاس جوڈیشل مجسٹریٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دیں گی۔ یہ عہدہ عدالتی خدمات کا ایک اہم منصب ہے۔

ان کی یہ کامیابی صرف ان کے ذاتی کیریئر کا اہم سنگ میل نہیں ہے بلکہ اجمل تعلیمی اداروں کے لیے بھی باعث فخر ہے۔ محسنہ کا اجمل لا کالج سے تعلق پہلے ایک طالبہ کی حیثیت سے قائم ہوا اور بعد میں وہیں اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر ان کا پیشہ ورانہ سفر آگے بڑھا۔ اب عدالتی خدمات میں شمولیت کے ساتھ ان کی زندگی کا ایک نیا اور اہم باب شروع ہونے جا رہا ہے۔ اپنی کامیابی کے بارے میں محسنہ امتیاز لسکر نے کہا کہ جب سے انہوں نے اجمل لا کالج میں داخلہ لیا تھا تب سے جج بننا ان کا خواب تھا۔

انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے وہ مولانا بدرالدین اجمل صاحب اور سراج الدین اجمل صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہیں جنہوں نے مالی طور پر کمزور خاندانوں اور دور دراز علاقوں کے طلبہ کو معیاری تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے۔ انہوں نے اپنے اساتذہ اور رہنماؤں کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی رہنمائی کی بدولت ہی وہ اس مقام تک پہنچ سکی ہیں۔ محسنہ نے 2023 میں اجمل لا کالج سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد انہوں نے گوہاٹی یونیورسٹی سے ایل ایل ایم کی تعلیم مکمل کی۔ سال 2025 میں ایل ایل ایم کے امتحان میں انہوں نے فرسٹ کلاس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔

تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے کے بعد محسنہ نے تدریس کے شعبے میں بھی اپنی شناخت قائم کی۔ وہ اس وقت اجمل لا کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔ تعلیم اور تدریس کے میدان میں کامیابی کے بعد محسنہ نے عدالتی خدمات میں داخلے کا ہدف مقرر کیا۔ آسام جوڈیشل سروس امتحان میں کامیابی حاصل کر کے انہوں نے اپنا دیرینہ خواب پورا کر لیا ہے۔

گریڈ 3 جوڈیشل سروس میں فرسٹ کلاس جوڈیشل مجسٹریٹ کے طور پر ان کا انتخاب ان کے پیشہ ورانہ سفر کی ایک اہم کامیابی ہے۔ قانونی تعلیم سے تعلیمی امتیاز تک، تدریس سے عدالتی خدمات تک کا ان کا سفر کئی اعتبار سے قابل ذکر ہے۔ محسنہ کی کامیابی کی خبر پھیلتے ہی اجمل خاندان کے ساتھ اجمل تعلیمی اداروں کے عہدیداروں، عملے، اساتذہ اور طلبہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

ان کی کامیابی کا جشن منانے کے لیے 24 ستمبر کو اجمل لا کالج کے احاطے میں ایک خصوصی اعزازی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب سے قبل کالج کے طلبہ نے جلوس کی شکل میں محسنہ امتیاز لسکر کا استقبال کیا۔ جوڈیشل سروس کا امتحان پاس کرنے کے بعد اپنی مادر علمی میں ان کی واپسی ایک خاص موقع تھا۔ اس مرتبہ وہ صرف ایک کامیاب سابق طالبہ کے طور پر نہیں بلکہ کالج کی موجودہ اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے بھی وہاں موجود تھیں۔ طلبہ کے لیے یہ لمحہ خاص طور پر خوشی کا باعث بنا۔ بعد ازاں کالج کے احاطے میں مرکزی اعزازی تقریب منعقد ہوئی جہاں کالج انتظامیہ نے محسنہ کو ان کی نمایاں کامیابی کے اعتراف میں اعزاز سے نوازا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اجمل فاؤنڈیشن کے منیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر خسرو الاسلام نے محسنہ کو مبارک باد دی۔ ان کی ثابت قدمی، محنت اور تعلیمی قابلیت کی تعریف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محسنہ کی کامیابی آنے والی نسلوں کے طلبہ کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگی۔ دریں اثنا اجمل فاؤنڈیشن کے ٹرسٹیز مولانا بدرالدین اجمل اور سراج الدین اجمل نے بھی محسنہ امتیاز لسکر کو اس قابل فخر کامیابی پر دلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کیں۔

نیل باغان کی بیٹی محسنہ کی کامیابی ضلع ہوجائی کے طلبہ اور نوجوانوں کے لیے ایک مثبت پیغام رکھتی ہے۔ خاص طور پر قانون کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے ان کا سفر ایک عملی مثال ہے کہ کس طرح تعلیم کے بعد تدریس اور پھر عدالتی خدمات تک پہنچا جا سکتا ہے۔ محسنہ امتیاز لسکر کی کہانی محض ایک مسابقتی امتحان پاس کرنے کی داستان نہیں ہے۔ یہ نیل باغان سے شروع ہونے والے اس سفر کی کہانی ہے جس میں تعلیم، علمی امتیاز اور تدریس کے بعد انہوں نے عدالتی خدمات میں قدم رکھا ہے۔ ان کی اس کامیابی نے ہوجائی کی ایک نوجوان خاتون کو ضلع کی عدالتی تاریخ کے ایک اہم مقام پر لا کھڑا کیا ہے۔

پرنٹر پبلیشر پروپرائیٹر و ایڈیٹر قاضی مخدوم نے ہفتہ روزہ تعمیر سیاست بیڑ کے کریٹو پبلشنگ سے طبع کروا کر دفتر تعمیر سیاست بشیر گنج بیڑ سے شائع کیا۔ تمام قانونی معاملات بیڑ عدالت کے حدود میں رہینگے

"Printer, Publisher, Proprietor and Editor Qazi Makhdoom published the weekly newspaper Tamir-e-Siyasat Beed, printed at Creative Publishing, and issued from the office of Tamir-e-Siyasat, Bashir Ganj, Beed.All legal matters shall be subject to the jurisdiction of the courts at Beed."email, tameerurdu@gmail.com.m.9270574444,8999387277.www.dailytameer.com

SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
TAMIR - E - SIASAT
تعمیر سیاست
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड

پاکستانی پائلٹ اسرائیل جانے والی پروازوں میں نہیں دیں گے خدمات

ایئر فرانس اور یونائیٹڈ ایئر لائنز نے عائد کی پابندی

ایئر فرانس ایئرلائن نے پاکستان کے پائلٹوں اور کیبن کریو (فلائٹ اسٹاف) کو اسرائیل آمدورفت کرنے والی پروازوں کو اڑانے یا اس میں کام کرنے سے منع کر دیا ہے۔ ایئر فرانس ان ضابطوں پر سختی سے عمل کر رہی ہے، جو 2 ممالک کے درمیان سیاسی وسفارتی تعلقات سے جڑے ہوئے ہیں۔ یعنی جن ممالک کے آپس میں سیاسی یا سفارتی تعلقات صحیح نہیں ہیں، ان کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ اب پاکستان اور اسرائیل کے درمیان خراب تعلقات کو پیش نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا ہے کہ پاکستان اور اسرائیل کے شہریوں کو اس روٹ پر ڈیوٹی نہیں دی جائے گی۔ امریکی ایئر لائن یونائیٹڈ ایئر لائنس اور چیک ایئر لائن اسمارٹ ونگس نے بھی ان ضابطوں پر عمل در آمد شروع کر دیا ہے۔ ایسی صورتحال میں سوال یہ اٹھ رہے ہیں کہ قومیت کی بنیاد پر لگائی گئی پابندیاں بین الاقوامی ایئر لائن آپریشن کو کیسے متاثر کر سکتی ہیں۔ اس سختی کی اہم وجہ 30 ستمبر 2026 کو دبئی سے تل ابیب جانے والی 'فلائی دبئی' میں پیش آئے واقعے کو مانا جا رہا ہے، کیوں کہ فلائٹ میں عمان کے شریک پائلٹ نے کاک پٹ میں حملے کیے تھے، جس کے بعد احتیاطی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں۔ الزام ہے کہ شریک پائلٹ نے فلائٹ پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش میں ہندوستانی کیپٹن پر حملہ کیا تھا۔ عمان بھی ان ممالک کی فہرست میں شامل ہے، جس کے اسرائیل سے سرکاری یا سیاسی تعلقات نہیں ہیں۔ فرانس کے تحقیقاتی میڈیا ادارے میڈیا پارٹ اور ایوی ایشن انٹیلی جنس کمپنی 'سی ایچ ایوی ایشن' نے 13 اکتوبر 2026 کو اپنی رپورٹس میں یہ معلومات دی ہیں۔ ان رپورٹس کے مطابق ایئر فرانس اور یونائیٹڈ ایئر لائنس نے اپنے سبھی پائلٹوں اور کیبن کریو (فلائٹ اسٹاف) کو اس روٹ پر نافذ کی گئی نئی حفاظتی پابندیوں کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کر دی ہیں۔ ایئر فرانس نے وضاحت کی ہے کہ وہ اسرائیل کے ذریعہ طے کی گئی سبھی سیکورٹی شرائط کو مان رہا ہے۔ وہیں یونائیٹڈ ایئر لائنس نے بھی ان سخت ضوابط کو اپنے اسٹاف کی کریو پلاننگ میں شامل کر لیا ہے۔ پائلٹ کی شہریت کے سبب ایتھوپین ایئر لائنس کی پرواز کو واپس لوٹنا پڑا۔ ان سخت قوانین کے نفاذ کا اثر منگل کے روز اس وقت دیکھنے میں آیا، جب اسرائیلی حکام نے ایتھوپین ایئر لائنز کی ایک پرواز کو واپس لوٹنے کا حکم دیا، کیونکہ اس میں انڈونیشیا کا ایک پائلٹ موجود تھا۔ 'دی یروشلم پوسٹ' کے مطابق جب یہ حکم جاری کیا گیا، اس وقت طیارے کو اڑان بھرے تقریباً ایک گھنٹہ ہو چکا تھا اور وہ اب بھی ایتھوپیا کی فضائی حدود میں ہی تھا۔

ہندوستان کو عالمی کاروبار کا مرکز بنائیں

مرکزی وزیر پیوش گوئل کی کینیڈین کمپنیوں سے اپیل

ممبئی: مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے کینیڈا کے کاروباری اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہندوستان کو صرف اپنی مصنوعات کی فروخت کی منڈی کے طور پر نہ دیکھیں، بلکہ اسے پیداوار، جدت اور ڈیزائن کا مرکز بھی بنائیں، جہاں سے دنیا بھر کی منڈیوں تک رسائی حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں ہنرمند افراد کی بڑی تعداد اور مختلف ممالک کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدے کمپنیوں کو اپنی مسابقتی صلاحیت بڑھانے کے اچھے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ممبئی میں کینیڈا کے تجارتی وفد کے دورۂ ہندوستان کے دوران منعقدہ ایک تجارتی استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے پیوش گوئل نے کینیڈین کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ ہندوستان کی اندرونی منڈی سے آگے بڑھ کر اسے دوسری عالمی منڈیوں میں سامان تیار کرنے اور برآمد کرنے کے مرکز کے طور پر بھی استعمال کریں۔ انہوں نے کہا، ''براہ کرم ہندوستان کو صرف اپنی منڈی نہ بنائیں، بلکہ اسے اپنی پیداواری سرگرمیوں، جدت اور ڈیزائن کا مرکز بھی بنائیں۔'' ان کا کہنا تھا کہ ہندوستان کو بنیاد بنا کر ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے سے کاروباری ادارے اپنی مسابقتی صلاحیت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ پیوش گوئل نے کہا کہ آزاد تجارتی اور ترجیحی تجارتی معاہدوں کے ذریعے ہندوستان نے عالمی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے تقریباً 70 ٹریلین امریکی ڈالر کے برابر منڈیوں تک ترجیحی رسائی حاصل کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہندوستان آئندہ ایک سے ڈیڑھ سال کے دوران مزید آٹھ ممالک یا ممالک کے گروپوں کے ساتھ بھی بات چیت کر رہا ہے۔ ان معاہدوں کے نتیجے میں ترجیحی رسائی حاصل کرنے والی منڈیوں کے مجموعی حجم میں مزید 15 ٹریلین امریکی ڈالر کی جی ڈی پی کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ گوئل نے کہا، ''دنیا کی 115 ٹریلین ڈالر کی مجموعی قومی پیداوار میں سے ہندوستان کو یہاں سے تقریباً 85 ٹریلین ڈالر کی جی ڈی پی کے برابر منڈیوں تک ترجیحی رسائی حاصل ہو جائے گی۔

امریکی کانگریس کی ہندوستانی نژاد خاتون رکن نے ایس آئی آر پر اٹھائے سوال

ہندوستانی نژاد امریکی کانگریس کی خاتون رکن پرمیلا جے پال نے تقریباً ۱۳ رکروڑ ووٹرز کے نام ڈرافٹ ووٹرلسٹ سے نکالے جانے کی خبروں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

ہندوستان میں ووٹرلسٹوں کی اسپیشل انٹینسیو ریویژن (ایس آئی آر) کا معاملہ اور ووٹروں کے ناموں کو مبینہ طور پر حذف کرنے کا معاملہ اب بین الاقوامی سطح پر ایک گرما گرم موضوع بن گیا ہے۔ ہندوستانی نژاد امریکی کانگریس کی خاتون رکن پرمیلا جے پال نے تقریباً 13 کروڑ ووٹرز کے نام ڈرافٹ ووٹرلسٹ سے نکالے جانے کی خبروں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے، ڈیموکریٹک کانگریس وومن جے پال نے لکھا، ''میں ہندوستان میں ووٹرلسٹ سے 13 کروڑ ناموں کے ہٹائے جانے پر گہری تشویش میں ہوں۔ میں ہندوستان میں جمہوری نظام کے خلاف کی جا رہی کوششوں کی مخالفت کے لیے چلائی جا رہی عدم تشدد کی تحریکوں کی حمایت کرتی ہوں۔ ایسے وقت میں عدم تشدد کی تحریکیں بہت اہم ہوتی ہیں۔ ہندوستان کی صورتحال کا امریکہ میں صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی پالیسیوں سے موازنہ کرتے ہوئے جے پال نے کہا کہ ووٹنگ کے حقوق کو مجروح کرنے کی کوششوں کے ایک جیسے طریقے دونوں ممالک میں نظر آتے ہیں۔ انہوں نے ہندوستان میں مبینہ غیر جمہوری کوششوں کے خلاف احتجاج کرنے والے لوگوں کی عدم تشدد کی تحریکوں کی حمایت کا اظہار کیا۔ تاہم الیکشن کمیشن نے ایسے الزامات کی مسلسل تردید کی ہے۔ کمیشن کے اشتراک کردہ اعداد وشمار کے مطابق، ایس آئی آر عمل کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے دوران 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تقریباً 72 ملین ناموں کو مسودہ فہرست سے ہٹا دیا گیا تھا۔ کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اگر ایس آئی آر کے عمل کے دوران کسی حقیقی ووٹر کا نام نادانستہ طور پر چھوڑ دیا گیا ہے تو وہ دعویٰ اور اعتراض کے عمل اور فارم 6 کے ذریعہ اپنا نام دوبارہ شامل کر سکتے ہیں۔

چین سپلائی چین کا دم گھوٹ رہا ہے

یورپی یونین نے دفاع، ٹیک سیکٹرز کیلئے اہم معدنیات کے لیے ویتنام کا رخ کیا

برسلز: چین کی جانب سے اہم معدنی سپلائی پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کے ساتھ، یورپی یونین ویتنام کو اپنی دفاعی اور ٹیکنالوجی کی صنعتوں کے لیے ضروری خام مال کے متبادل ذریعہ کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ برسلز چین پر انحصار کم کرنے اور یورپی سپلائی چینز کو مستقبل میں ہونے والی رکاوٹوں سے بچانے کے لیے ہنوئی کے ساتھ تعاون کو گہرا کرنا چاہتا ہے۔ ویتنام کے پاس نایاب زمین، ٹنگسٹن، اینٹیمونی، بسمتھ اور باکسائٹ کے کافی ذخائر ہیں، جو اسے گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد سے لے کر جدید ٹیکنالوجی تک ہر چیز میں استعمال ہونے والی معدنیات کا ایک ممکنہ سپلائر بناتا ہے۔ تاہم، یورپی یونین کو ملک کی معدنی برآمدات اب تک زیادہ تر ٹنگسٹن اور اینٹیمونی تک محدود ہیں۔ روئٹرز کی طرف سے نظر ثانی شدہ یورپی یونین کی اندرونی دستاویزات کے مطابق، یورپی حکام ویتنام کے ساتھ زیادہ سے زیادہ مشغولیت پر زور دے رہے ہیں۔ جون 2026 کی دستاویزات میں خبردار کیا گیا ہے کہ دوسرے ممالک سے مقابلہ یورپ کی ویتنامی سپلائی تک رسائی کو خطرہ بنا سکتا ہے۔ یورپی یونین کی دستاویزات میں کہا گیا ہے کہ یورپ ویتنام کو نظر انداز کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے اور چینی خام مال پر انحصار کم کرنا چاہتا ہے۔ چین، کئی اہم معدنیات کے دنیا کے سب سے بڑے پروڈیوسر، نے گزشتہ سال برآمدات پر پابندیاں عائد کیں جس سے یورپی سپلائی چین میں خلل پڑا۔ برسلز اب اپنے ذرائع کو متنوع بنانے اور اسٹریٹجک صنعتوں کو درکار مواد تک زیادہ قابل اعتماد رسائی قائم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بنگلہ دیش میں ایندھن کا بحران سنگین

مہنگائی اور معاشی دباؤ نے طارق رحمان حکومت کے اصلاحاتی منصوبوں کو خطرے میں ڈال دیا

ڈھاکہ: بنگلہ دیش میں ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، مسلسل مہنگائی اور سست معاشی ترقی نے وزیر اعظم طارق رحمان کی حکومت کے لیے سنگین مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ حکومت عوام کو بڑھتی ہوئی قیمتوں سے بچانے کے لیے ہر ماہ کروڑوں ڈالر کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے، جس سے قومی خزانے پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم طارق رحمان نے 17 فروری کو اقتدار سنبھالتے ہوئے وسیع معاشی اور سماجی اصلاحات کا وعدہ کیا تھا۔ ان کی حکومت نے اگلے دس برسوں میں بنگلہ دیش کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے، تاہم موجودہ توانائی بحران اس منصوبے کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن رہا ہے۔ تقریباً 17 کروڑ 50 لاکھ آبادی والا بنگلہ دیش اپنی تیل اور گیس کی ضروریات کے لیے بڑی حد تک درآمدات پر انحصار کرتا ہے۔ عالمی توانائی کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ، صنعتوں اور روزمرہ ضروریات کی لاگت بڑھ رہی ہے، جس کا براہ راست اثر عام شہریوں پر پڑ رہا ہے۔ معاشی مشکلات ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب حکومت کو کمزور بینکاری نظام کی اصلاح، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور افرادی قوت کو مصنوعی ذہانت کے نئے دور کے مطابق تیار کرنے جیسے اہم چیلنجز کا سامنا ہے۔ سال 2024 میں شیخ حسینہ کی حکومت کے خاتمے کے بعد عبوری انتظامیہ نے ملک کو سیاسی اور معاشی عدم استحکام سے نکالنے کی کوشش کی تھی۔ اب نئی منتخب حکومت کو عوامی توقعات پوری کرنے کے ساتھ بڑھتے ہوئے مالی دباؤ سے بھی نمٹنا پڑ رہا ہے۔ معاشی تجزیہ کاروں کے مطابق ایندھن کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، افراط زر اور محدود مالی وسائل بنگلہ دیش کی ترقی کی رفتار کو متاثر کر سکتے ہیں۔ حکومت کے لیے سب سے بڑا چیلنج عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے اور طویل مدتی معاشی اصلاحات کو جاری رکھنے کے درمیان توازن قائم کرنا ہے۔ موجودہ صورتحال نے طارق رحمان حکومت کے اس وعدے کو بھی ایک سخت امتحان میں ڈال دیا ہے کہ بنگلہ دیش کو آئندہ دہائی میں ایک مضبوط اور جدید معیشت میں تبدیل کیا جائے گا۔

بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کا سلسلہ جاری

پاکستانی فوج پر سنگین الزامات

بلوچستان: بلوچستان کے علاقے سامی سے سامنے آنے والی مبینہ ویڈیو میں پاکستانی فوجی اہلکاروں پر وحید بخش کو زبردستی اٹھانے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ انسانی حقوق کے کارکنوں کا دعویٰ ہے کہ بلوچستان میں روزانہ تین سے پانچ افراد جبری گمشدگی کا شکار ہوتے ہیں۔ ان اعداد وشمار اور ویڈیو کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی۔ کارکنوں نے اقوام متحدہ سے فوری مداخلت اور آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

سائبر مالیاتی فراڈ میں پاکستان ایشیا میں سرفہرست

معیشت کو جی ڈی پی کے 2.5 فیصد کے برابر نقصان

اسلام آباد: پاکستان میں آن لائن مالیاتی دھوکہ دہی اور سائبر فراڈ کے واقعات نے سنگین صورت اختیار کر لی ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سائبر فراڈ سے ہونے والے تخمینی معاشی نقصانات مجموعی قومی پیداوار کے 2.5 فیصد کے برابر ہیں، جو ایشیا میں سب سے زیادہ شرح ہے۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر مالیاتی فراڈ سے ہونے والے نقصانات کی اوسط شرح جی ڈی پی کا صرف 0.45 فیصد ہے۔ ایشیائی ممالک میں پاکستان 2.5 فیصد کے ساتھ پہلے، ملائیشیا 2.1 فیصد کے ساتھ دوسرے اور بھارت 1.3 فیصد کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ بینکاک بلیو پرنٹ ان ایکشن میں بتایا گیا ہے کہ سائبر مجرم آن لائن پلیٹ فارمز، ٹیلی کمیونیکیشن نیٹ ورکس اور ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کا استعمال کر کے شہریوں کو مالی نقصان پہنچا رہے ہیں۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ مصنوعی ذہانت، ڈیپ فیک ٹیکنالوجی اور جدید ڈیجیٹل طریقوں نے مالیاتی فراڈ کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ مجرم اب صرف بینک اکاؤنٹس ہیک نہیں کرتے بلکہ جعلی شناخت اور دھوکہ دہی کے ذریعے صارفین کو خود رقم منتقل کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ فوری ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کے باعث چوری شدہ رقم چند لمحوں میں مختلف اکاؤنٹس اور ممالک میں منتقل کی جا سکتی ہے، جس سے مجرموں کا سراغ لگانا مشکل ہو جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سائبر فراڈ اب بین الاقوامی منظم جرائم سے بھی منسلک ہو چکا ہے۔ انٹرپول نے اسے منشیات کی اسمگلنگ اور منی لانڈرنگ کے ساتھ دنیا کے سنگین ترین جرائم میں شمار کیا ہے۔ ماہرین نے پاکستان سمیت متاثرہ ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ سائبر نگرانی، بینکوں کے درمیان معلومات کے تبادلے، فوری کارروائی اور صارفین کے تحفظ کے نظام کو مضبوط بنائیں تاکہ بڑھتے ہوئے مالیاتی جرائم پر قابو پایا جا سکے۔

پاکستان میں بڑھتی آبادی اور بے روزگاری کا بحران

نوجوانوں کی ناراضی مستقبل کیلئے سنگین خطرہ

